الیکشن کمیشن آف پاکستان

شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

مورخہ 9 دسمبر 2021 اسلام آباد

**خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات، ضابطہ اخلاق پر عمل در آمد یقینی بنایا جائے، خواتین سمیت حساس پولنگ اسٹیشنوں پر زیادہ سیکورٹی فراہم کی جائے۔**

**افراد باہم معذوری سمیت دیگر محروم طبقات کو پولنگ اسٹیشنوں میں خصوصی توجہ دی جائے، سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان کا چیف سیکرٹری آفس خیبر پختونخواہ میں جائزہ اجلاس سے خطاب۔**

سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید خان نے آج پشاور میں چیف سیکرٹری آفس میں بلدیاتی انتخابات کے حوالہ سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اجلاس میں چیف سیکرٹری خیبرپختونخوا ڈاکٹر شہزاد خان بنگش، انسپکٹر جنرل آف پولیس، معظم جاہ انصاری، انسپکٹر جنرل ایف سی صلاح الدین خان، سپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن، صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا شریف اللہ، سیکرٹری بلدیات خیبرپختونخوا، جائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر، الیکشنز محمد فرید آفریدی، جائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر، ایڈمن محمد جاوید خان اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 220 کے تحت انتظامیہ کی الیکشن کمیشن کے ساتھ انتخابات کے آزادانہ اور شفاف انتخابات کے انعقاد میں معاونت کی پابند ہے، لہذا اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ عوام، ووٹروں، اُمیدواروں اور سیاسی جماعتوں کی رہنمائی کے ساتھ ساتھ انہیں انتخابی عمل میں حصہ لینے کیلئے بھی یکساں مواقع مہیا کئے جائیں اورالیکشن سے پہلے ضابطہ اخلاق پر بلا امتیاز عمل در آمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے مزید کہا کہ اب تک خیبرپختونخوا میں بلدیاتی انتخابی عمل کے دوران 487 خلاف ورزیاں ہوئی ہیں اور جس کا الیکشن کمیشن نے نوٹس لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کو ہدایات جاری کی جائے کہ وہ اس ضمن میں الیکشن کمیشن کی ہدایات پر عمل در آمد یقینی بنائیں۔ جبکہ پولنگ اسٹیشنوں کے اندر تمام محروم طبقات اور بالخصوص خواتین کے لئے مناسب سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائیں، سیکرٹری عمر حمید خان نے مزید ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ انتخابی مواد کی تقسیم اور ٹرانسپورٹیشن کا بھی مناسب بندوبست اور سیکورٹی کا انتظام کیا جائے، انہوں نے مزید ہدایت کی کہ نتائج مرتب کرتے وقت ڈی آر اوز اور آر اوز کے دفاتر میں بھی خاطر خواہ سیکورٹی انتظامات کئے جائیں، انہوں اجلاس کے انعقاد پر چیف سیکرٹری کا شکریہ ادا کیا اور مجموعی طور پر انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ سیکورٹی کے حوالہ سے انسپکٹر جنرل آف پولیس نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ زیادہ حساس، حساس اور نارمل پولنگ اسٹیشنوں میں اسکورٹی کا مناسب بندوبست کیا گیا ہے، اور جہاں ضرورت پڑیگی وہاں ریزرو سکواڈ اور دیگر اضلاع جہاں انتخابات نہیں ہو رہے

Scanned with CamScanner



Secretary Election Commission addressing meeting at Peshawar regarding LG Elections in Khyber Pakhtunkhwa




Secretary Election Commission addressing meeting at Peshawar regarding LG Elections in Khyber Pakhtunkhwa